# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : شمائلہ زیدی

دوسری جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

- بچے اپنے آپ کو مختلف کرداروں میں تصور کرتے ہیں اور سوالات کرتے ہیں۔ اس کتاب میں بچوں سے سوالات کر کے ان کے تصورات کو ابھارنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ کہانی دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔
اس کہانی کے ذریعے بچوں کو ان کے آس پاس موجود چیزوں کی طرف توجہ دلانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ وہ ان چیزوں کو نوٹ کریں اور مشاہدہ کریں۔ صرف جاندار ہی نہیں بلکہ بے جان اشیاء کی اہمیت بھی نظر انداز نہ کریں۔ کبھی کبھی بچوں کی بہت ہی عجیب وغریب خواہشات ہوتی ہیں۔ اکثر دیکھا ہوگا کہ بچے اپنے آپ کو کسی جانور کی جگہ تصور کرتے ہیں۔ اکثر کیڑے بن کر رینگتے ہیں۔ ایسا وہ اس لئے کرتے ہیں کیونکہ ان کے اندر کچھ مختلف بننے کی خواہش ہوتی ہے۔ انہیں ہر وقت روکنے ٹوکنے سے بہتر ہے کہ ان کے عملی کام میں ان کا ساتھ دیں تاکہ ذہنی نشو نما صحیح طرح سے ہو سکے اور ان میں اچھے برے کو سمجھنے کی پہچان پیدا ہو سکے۔

## سیشن 1

20 منٹ

- کتاب پڑھانے سے پہلے ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ اگر ان کو موقع دیا تو کیا بننا پسند کریں گے۔ بچے جب جواب دے رہے ہوں تو کبھی کبھی ٹیچر خود بھی کوئی سوال پوچھتی رہیں۔ مثلاً
کوئی پانی میں رہنے والا جانور یا کوئی کیڑا۔
پالتو جانور یا کوئی جنگلی بلا۔
چوہا یا کوئی اور پرندہ۔
مٹھائی یا کوئی پھول پودا۔
سبزی خور جانور یا کوئی درندہ۔
بھوت یا کوئی پری۔
کرکٹر یا کوئی بینکر۔

ڈاکٹر یا نرس۔
مالی یا کوئی حلوائی۔
پھل یا کوئی تھیلا۔
یا پھر کوئی رینگنے والا کیڑا۔
یا ان کے علاوہ کچھ اور
بچوں کے سارے جواب بورڈ پر لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ یہ جوابات اپنی کوپی میں اتاریں۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آئیں ان میں سے کچھ الفاظ کا انگریزی ترجمہ کرتے ہیں۔ بچوں سے پہلے پوچھیں پھر بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں۔

| اردو | انگریزی | اردو | انگریزی |
|---|---|---|---|
| مینڈک | frog | شتر مرغ | ostrich |
| مچھلی | fish | شیر | lion |
| کیکڑا | crab | بھالو | bear |
| تتلی | butterfly | پری | fairy |
| پروانہ | moth | کرکٹر | cricketer |
| کچھوا | turtle | بینکر | banker |
| بلی | cat | مالی | gardener |
| کتا | dog | حلوائی | confectioner |
| طوطا | parrot | پھل والا | fruit merchant |
| چوہا | rat | تھیلا | bag |
| پتھر | stone | کاکروچ | cockroach |
| میز | desk | چیونٹی | ant |
| کرسی | chair | جھینگر | cricket |
| کھڑکی | window | بھوت | ghost |

| | | | |
|---|---|---|---|
| دروازہ | door | چیتا | tiger |
| گھوڑا | horse | ہرن | deer |

## نوٹ

- اگر سارے الفاظ ممکن نہ ہوں تو ٹیچر ان الفاظ میں سے کچھ الفاظ چن لیں۔

5 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ میں آج ایک نئی کتاب لائی ہوں جس میں آپ سے کچھ پوچھا جا رہا ہے؟
بچوں کو کتابیں دیں۔ بچے دو منٹ تک اپنی کتابیں خاموشی اور غور سے دیکھیں۔
اب ٹیچر بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ دو تین بچوں سے پڑھائی کروائیں۔

## گھر کا کام

- کہانی ''ابھی بتاؤ جلدی بتاؤ'' پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 2

25 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کہانی کیسی لگی؟
ہر بچے سے کم از کم دو صفحوں کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے اس کردار کی اداکاری کروائیں جو وہ بننا چاہتے ہیں۔ ایسے بچوں کو اس عملی کام میں ضرور شامل کریں۔ جو عام طور پر کم گو اور شرمیلے ہیں۔ اس طرح ان میں خود اعتمادی پیدا ہوگی۔

## گھر کا کام

- املا کی تیاری کر کے آئیں۔ صفحہ نمبر 1 اور 2 کا املا لیا جائے گا۔

# سیشن 3

20 منٹ

- بچے اپنی اپنی کاپی کھولیں۔ ٹیچر 15 الفاظ کا املا لیں۔ املا کے اختتام پر ٹیچر املا کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کر کے املے کی cross checking کریں۔
املا کے الفاظ میں سے چار الفاظ کے جملے بنوائیں۔ جن بچوں کی کوئی غلطی نہ ہو ٹیچر انہیں شاباش ضرور دیں تاکہ ان میں اور بھی بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو۔

25 منٹ

- ٹیچر نیچے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری بتائیں یہ ڈائیلاگ عام طور پر کون بولتا ہے۔ بریکٹ میں اس پیشے (profession) کا نام بھی لکھیں۔ بچے یہ کام ساتھ ساتھ کوپی میں اتارتے جائیں۔

(1) گاڑی ایک طرف کریں لائسنس دکھائیں۔ (پولیس)
(2) ڈاکٹر کے آنے سے پہلے مجھے آپ کا بخار دیکھنا ہے (نرس)
(3) آپ کو کتنے درجن کیلے دوں۔ (پھل والا)
(4) آپ کا خط آیا ہے۔ (ڈاکیا)
(5) آلو 10 روپے کلو، ٹماٹر 19 روپے کلو۔ (سبزی والا)
(6) میں نے آپ کا جوتا مضبوط جوڑا ہے۔ (موچی)

## گھر کا کام

- بچوں سے پوچھیں کہ ہم نے بہت سے پیشوں کا ذکر کیا ہے۔ کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو ان میں سے کسی بھی پیشے سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر جانتے ہیں تو ان کا انٹرویو کر کے اور سوال جواب کوپی میں لکھ کر لائیں۔ دیئے گئے پیشوں کے علاوہ اگر کسی اور پیشے کے کسی شخص کو جانتے ہیں (مثلاً ٹیچر۔ آرٹسٹ۔ ڈوکٹر۔ گارڈ۔ چوکیدار وغیرہ) تو ان کا انٹرویو کریں۔ اگر بچے یہ کام ایک دن میں نہ کر سکیں تو انہیں دو دن کا وقت دیں۔

# سیشن 4

20 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ فعل کیا اور اس کا استعمال کس طرح ہوتا ہے۔ اگر وہ نہ بتا سکیں تو جملے بول کر سمجھائیں۔ مثلاً

ماضی (گزرا ہوا کل) حال (آج) مستقبل (آنے والا کل)

ماضی میں نے کتاب پڑھی تھی۔

حال میں کتاب پڑھ رہا ہوں۔

مستقبل میں کتاب پڑھوں گا۔

اب بچوں سے پوچھیں کہ میں جملہ بولتی ہوں آپ بتائیں کہ یہ ماضی حال یا مستقبل میں سے کیا ہے۔ اب ٹیچر نیچے دیئے گئے جملے باری باری پڑھیں اور بچوں سے پوچھیں۔

ساجد چھٹیوں میں لاہور گیا تھا۔

ندا گانا گا رہی ہے۔

ہم سونے جائیں گے۔

نادر اسکول گیا تھا۔

میں بہت بہادر ہوں۔

میرا دوست میرے گھر آیا ہے۔

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ماضی (past) حال (present) مستقبل (future) کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

5 منٹ
- ٹیچر بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ چھٹیوں میں ان کو کیا کام کرنا اچھا لگتا ہے اور کیوں چھ لائنیں لکھیں۔

## گھر کا کام

- کتاب میں سے ہم آواز الفاظ کی لسٹ بنا کر لائیں۔

## سیشن 5

45 منٹ
- بچوں سے پوچھ کر کتاب میں موجود ہم آواز الفاظ کی بورڈ پر لسٹ بنائیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر ہم آواز الفاظ کی مدد سے نظم بنائیں۔ اس کام میں ضروری نہیں ہے کہ ہم آواز الفاظ صرف کتاب سے لئے جائیں۔ بچے اپنی مرضی کے الفاظ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً

  ابھی بتاؤ جلدی بتاؤ ہم سے تم نہ بات چھپاؤ
  کیا تم گانا گاؤ گے جہاز کو اڑاؤ گے
  یا پھر سب کو ڈراؤ گے پلنگ کے نیچے چھپ جاؤ گے

- بچے جو بھی جملہ بولیں اس میں حسب ضرورت مدد کریں اور پھر نظم کی صورت میں بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی نظم کسی کاغذ پر لکھیں۔
  بچوں کا کیا ہوا کام کلاس میں ڈسپلے کریں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- پہلے 8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ کوشش کریں کہ آج وہ بچے بھی سبق ضرور پڑھیں جنہوں نے ابھی تک نہیں پڑھا ہے۔

35 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ آج ہم اسی سبق کے حوالے سے ایک کھیل کھیلیں گے۔ ہم سب ایک دوسرے سے سوال پوچھیں گے اور سب باری باری اس کا جواب دیں گے۔ جواب جو بھی ہوگا وہ آپ کو بورڈ پر آ کر لکھنا ہوگا۔
  اب ٹیچر پہلے بچے سے پوچھیں ابھی بتاؤ جلدی بتاؤ ''ٹماٹر پسند ہے یا انار''۔ بچہ جو بھی جواب دے اسے وہ خود آ کر بورڈ پر لکھے۔

اب بورڈ پر لکھنے والا بچہ اپنے ساتھ والے بچے سے اسی طرح کا سوال کرے۔ مثلاً ''حلوہ پسند ہے یا پراٹھا۔''

اس طرح بچوں کی ہجے (spelling) پر کھیل کھیل میں کام ہوتا رہے گا۔

بورڈ پر ہجے لکھنے میں ٹیچر بچوں کی مدد ضرور کریں اور اگر کوئی مشکل الفاظ درمیان میں آئیں تو بچوں کو ہجے سمجھا کر خود بھی لکھنے میں ہرج نہیں ہے۔ اس طرح کی activity سے بچوں کے ساتھ interaction بڑھتا ہے اور بچے کھیل کھیل میں پڑھ لیتے ہیں۔

## گھر کا کام

- یہی کھیل گھر میں اپنے امی ابو اور دوستوں کے ساتھ کھیلیں۔

# ابھی بتاؤ جلدی بتاؤ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale